خضدار (خ ن) ملک بھر کی طرح خضدار میں بھی یوم پاکستان قومی جوش و جذبے کیساتھ منایا جارہا ہے یوم پاکستان کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب ڈی سی کمپلیکس خضدار کیا حاطے میں منعقد کی گئی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کمانڈنٹ قلات سکاؤٹ کرنل عرفان اللہ ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر نے پرچم کشائی کی پولیس فورس کے چاک وچوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی اس موقع ڈی آئی جی قلات ڈویژن کمانڈنٹ قلات سکاؤٹ کرنل عرفان اللہ ایس ایس پی خضدار سمیت سرکاری محکموں کے سربراہان نے یوم پاکستان کے موقع پر ڈی سی کمپلیکس سے پاکستان زندہ باد ریلی کا انعقاد کیا گیا شاندار ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی ڈی آئی جی قلات ڈویژن کمانڈنٹ قلات سکاؤٹ کرنل عرفان اللہ ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر اور دیگر افسران نے کی ریلی ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سے شروع ہوتے ہوئے علامہ محمد عمر دین پوری لائبریری سے واپس ڈپٹی کمشنر کمپلیکس پر اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے خطاب کرتے کہا کہ آج کا دن انتہائی اہم دن ہے آج کے دن 23 مارچ 1940 کو قرارداد پاکستان پیش کیا گیا جس میں برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک آزاد اور خودمختار ملک کا مطالبہ کیا گیا جو کہ 14 اگست 1947 کو ایک آزاد اور خودمختار ملک پاکستان کا باعث بنا انہوں نے کہا کہ پاکستان زندہ باد ریلی کا مقصد بلوچستان کے عوام کی جانب سے افواج پاکستان سے قومی یکجہتی کے عملی اظہار کا نمونہ ہے آج کے دن ہمیں اپنے اکابرین کے دن رات محنت اور قربانیوں اور اپنے مسلمان بھائیوں سے محبت کا یاد دلاتا ہے ہمیں اپنی آزادی کی قدر کرنی چاہئے اور اپنے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے مل کر کام کرنا ہے 23 مارچ کی تقریبات کے موقع پر شہر میں پولیس فورس کی جانب سے سیکیورٹی کے موثر انتظامات کیے گئے تھے۔

## ضلع اوستا محمد میں بھی یومِ پاکستان ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

**ڈی سی اوستا محمد محمد رمضان پلال کی قیادت میں قومی پرچم کشائی، ریلی کا انعقاد**

اوستہ محمد (آن لائن) ملک بھر کی طرح ضلع اوستا محمد میں بھی یوم پاکستان ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آفس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں ڈپٹی کمشنر اوستا محمد محمد رمضان پلال کی قیادت میں قومی پرچم کشائی کی گئی۔ تقریب کے بعد ایک شاندار ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کی۔ ریلی میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل نوابزادہ سالار خان جمالی، ایس ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن، ڈی ایس پی محمد داد کھوسہ، ضلعی افسران، سیاسی و سماجی شخصیات، ہندو کمیونٹی سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا کر اپنے وطن سے محبت کا بھرپور اظہار کیا۔ اس موقع پر مقررین نے یوم پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ ہمیں اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کا درس دیتا ہے اور یہ دن ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں، جبکہ شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ وطن عزیز پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## جعفرآباد میں یوم پاکستان شایانِ شان طریقے سے منایا گیا اے ڈی سی کی قیادت میں ریلی

**سیاسی و سماجی عمائدین، اقلیتی برادری کے نمائندگان اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد میں شرکت**

**قیام پاکستان کے لیے اکابرین نے جو قربانیاں دیں وہ کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں، حضور بخش بلیدی**

جعفرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں یوم پاکستان 23 مارچ کے موقع پر ضلع جعفرآباد میں شایانِ شان طریقے سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بلیدی کی قیادت میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جس میں ضلعی محکموں کے سربراہان، سرکاری افسران، سیاسی و سماجی عمائدین، اقلیتی برادری کے نمائندگان اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگاتے ہوئے ملک سے محبت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ 23 مارچ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اپنے بیان میں کہا کہ 23 مارچ پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے، جسے ضلع جعفرآباد میں بھرپور قومی جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد اپنے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کو یاد کرنا ہے کیونکہ انہی کی جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کی بدولت آج ہم ایک آزاد اور خودمختار وطن میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قیامِ پاکستان کے لیے ہمارے اکابرین نے جو قربانیاں دیں وہ کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں، اور ہمیں چاہیے کہ ہم ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 MAR 2026 Page No. 14


## ضلع اوستا محمد میں بھی یوم پاکستان ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

**ڈی سی اوستا محمد محمد رمضان پلال کی قیادت میں قومی پرچم کشائی، ریلی کا انعقاد**

اوستہ محمد (آن لائن) ملک بھر کی طرح ضلع اوستا محمد میں بھی یوم پاکستان ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آفس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں ڈپٹی کمشنر اوستا محمد محمد رمضان پلال کی قیادت میں قومی پرچم کشائی کی گئی۔ تقریب کے بعد ایک شاندار ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کی۔ ریلی میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل نوابزادہ سالار خان جمالی، ایس ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن، ڈی ایس پی محمد داد کھوسہ، ضلعی افسران، سیاسی و سماجی شخصیات، ہندو کمیونٹی سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا کر اپنے وطن سے محبت کا بھرپور اظہار کیا۔ اس موقع پر مقررین نے یوم پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ ہمیں اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کا درس دیتا ہے اور یہ دن ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں، جبکہ شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ وطن عزیز پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## خضدار میں پاکستان پولیس کے چاک و چوبند دستے کی قومی پرچم کو سلامی

### زندہ باد ریلی کا انعقاد

**پاکستان زندہ باد ریلی کا مقصد بلوچستان کے عوام کا افواج پاکستان سے یکجہتی کے عملی اظہار کا نمونہ ہے، عبدالرزاق**

**آج کے دن ہمیں اکابرین کی محنت، قربانیوں اور اپنے مسلمان بھائیوں سے محبت کی یاد دلاتا ہے، کرنل عرفان اللہ**

خضدار (خ ن) ملک بھر کی طرح خضدار میں بھی یوم پاکستان قومی جوش و جذبے کیساتھ منایا جارہا ہے یوم پاکستان کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب ڈی سی کمپلیکس خضدار کیا حاطے میں منعقد کی گئی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کمانڈنٹ قلات سکاؤٹ کرنل عرفان اللہ ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر نے پرچم کشائی کی پولیس فورس کے چاک و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی اس موقع ڈی آئی جی قلات ڈویژن کمانڈنٹ قلات سکاؤٹ کرنل عرفان اللہ ایس ایس پی خضدار سمیت سرکاری محکموں کے سربراہان نے یوم پاکستان کے موقع پر ڈی سی کمپلیکس سے پاکستان زندہ باد ریلی کا انعقاد کیا گیا شاندار ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی ڈی آئی جی قلات ڈویژن کمانڈنٹ قلات سکاؤٹ کرنل عرفان اللہ ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر اور دیگر افسران نے کی ریلی ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سے شروع ہوتے ہوئے علامہ محمد عمر دین پوری لائبریری سے واپس ڈپٹی کمشنر کمپلیکس پر اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے خطاب کرتے کہا کہ آج کا دن انتہائی اہم دن ہے آج کے دن 23 مارچ 1940 کو قرارداد پاکستان پیش کیا گیا جس میں برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک آزاد اور خودمختار ملک کا مطالبہ کیا گیا جو کہ 14 اگست 1947 کو ایک آزاد اور خودمختار ملک پاکستان کا باعث بنا انہوں نے کہا کہ پاکستان زندہ باد ریلی کا مقصد بلوچستان کے عوام کی جانب سے افواج پاکستان سے قومی یکجہتی کے عملی اظہار کا نمونہ ہے آج کے دن ہمیں اپنے اکابرین کے دن رات محنت اور قربانیوں اور اپنے مسلمان بھائیوں سے محبت کا یاد دلاتا ہے ہمیں اپنی آزادی کی قدر کرنی چاہیے اور اپنے ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنا ہے 23 مارچ کی تقریبات کے موقع پر شہر میں پولیس فورس کی جانب سے سیکیورٹی کے موثر انتظامات کیے گئے تھے۔

## جعفرآباد میں یوم پاکستان شایان شان طریقے سے منایا گیا

### اے ڈی سی کی قیادت میں ریلی

**سیاسی و سماجی عمائدین، اقلیتی برادری کے نمائندگان اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد میں شرکت**

**قیام پاکستان کے لیے اکابرین نے جو قربانیاں دیں وہ کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں، حضور بخش بلیدی**

جعفرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں یوم پاکستان 23 مارچ کے موقع پر ضلع جعفرآباد میں شایان شان طریقے سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بلیدی کی قیادت میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جس میں ضلعی محکموں کے سربراہان، سرکاری افسران، سیاسی و سماجی عمائدین، اقلیتی برادری کے نمائندگان اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگاتے ہوئے ملک سے محبت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ 23 مارچ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اپنے بیان میں کہا کہ 23 مارچ پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے، جسے ضلع جعفرآباد میں بھرپور قومی جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد اپنے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کو یاد کرنا ہے کیونکہ انہی کی جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کی بدولت آج ہم ایک آزاد اور خودمختار وطن میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قیام پاکستان کے لیے ہمارے اکابرین نے جو قربانیاں دیں وہ کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں، اور ہمیں چاہیے کہ ہم ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 MAR 2026 Page No. 16

## قرارداد پاکستان ملکی پہچان و وجود کا پہلا فیصلہ کن دستاویز ہے' امان اللہ کنرانی

**23 مارچ سے پاکستان کا غیر متزلزل ایمان و ایقان منسلک ہے' سابق صدر سپریم کورٹ بار**

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے 23 مارچ 1940 کی 86 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن ہمیں خطے میں قومی وحدت و یکسانیت و لسانی و علاقائی شناخت کی ترویج کو تسلیم کرنے کے بجائے باہمی کی اجتماعی دانش کے شعور کی بالیدگی کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے ملک کی پہچان و وجود کا پہلا فیصلہ کن دستاویز ہے جس نے منزل کی جانب جدوجہد کا راستہ متعین کردیا جو قرارداد اسی روز 27 ویں آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس میں منظور ہو، وہی قیام پاکستان کا اساس ہے......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

جو آج بھی اکائیوں کی قومی تشخص کو برقرار رکھتے ہوئے جغرافیائی حدود کا احترام وحقوق کا تحفظ و وسائل کا دفاع اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے تو ہمارے مسائل کے حل میں آج کے دن کے حوالے سے قومی ڈائیلاگ اس قرارداد کی روشنی میں شروع کیا جائے جس سے پاکستان کا غیر متزلزل ایمان وایقان منسلک ہے اس سے انحراف قومی تکریم کے خلاف ہے اس لئے ریاست و حکومت اس قرارداد کی متن کو قومی اہداف سے ہم آہنگ بنائے اور آئندہ نسل کے علم و فہم کی خاطر اس کو من و عن درسی نصاب میں شامل کرکے قومی اعتماد کو بحال کیا جائے۔

## محکوم اقوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے' خوشحال کاکڑ

**علاقے کی ترقی، نوجوانوں کیلئے روزگار، عوامی مسائل کا حل ترجیحات میں سرفہرست رکھیں گے' چیئرمین پشتونخوا نیپ**

**لوگوں کا اعتماد میرے لئے بڑا اعزاز' عید کے اجتماعات عوام اور قیادت کے درمیان مضبوط تعلق و سیاسی شعور کا مظہر ہیں**

**امن، سیاسی استحکام، بھائی چارے اور خوشحالی کیلئے جدوجہد مزید تیز کریں گے' آبائی علاقے میں عید ملنے والوں سے گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے اپنے آبائی علاقے ہندو باغ میں عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر عوام، پارٹی کارکنوں، رہنماؤں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عمائدین سے عید کی مبارکباد وصول کی گزشتہ تین دنوں کے دوران ہزاروں افراد نے ان سے ملاقات کرکے نہ صرف عید کی مبارکباد پیش کی بلکہ انہیں رکن قومی اسمبلی منتخب......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ہونے پر بھی بھرپور انداز میں مبارکباد دی اور اپنی نیک تمناں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ عوام کا اعتماد اور محبت ان کیلئے اعزاز ہے اور ایک بڑی قومی و سیاسی ذمہ داری بھی۔ انہوں نے کہا کہ وہ پارلیمان کے اندر اور باہر پشتون عوام سمیت تمام محکوم اقوام کے جمہوری، آئینی اور قومی حقوق کے تحفظ کیلئے بھرپور آواز اٹھاتے رہیں گے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا

کہ علاقے کی ترقی، نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع، عوامی مسائل کے حل اور جمہوری اقتدار کے فروغ کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھیں گے انہوں نے کہا کہ عید کے یہ اجتماعات عوام اور قیادت کے درمیان مضبوط تعلق اور سیاسی شعور کا مظہر ہیں انہوں نے پوری قوم کو عیدالفطر کی مبارکباد دیتے ہوئے امن، سیاسی استحکام، بھائی چارے اور خوشحالی کیلئے جدوجہد مزید تیز کیا جائیگا۔

## قائداعظم کی قیادت میں آزاد ریاست کا خواب حقیقت میں بدلا' دھنیش کمار

**مسلح افواج اور سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں قابل تحسین ہیں' سینیٹر کا پیغام**

نصیرآباد (خ ن) سینیٹر دھنیش کمار پلیانی کا 23 مارچ یوم پاکستان پر بیان میں 23 مارچ 1940 برصغیر کے مسلمانوں کی جدوجہد کا تاریخی سنگ میل قرار کرتے ہوئے کہا کہ قائداعظم کی قیادت میں آزاد ریاست کا خواب حقیقت میں بدلا پاکستان 1947 میں دنیا کے نقشے پر ابھرا قربانیوں کی عظیم مثال ہے مسلح افواج اور سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں قابل تحسین ہیں شہداء کو خراج عقیدت ملکی سلامتی کیلئے لازوال قربانیاں......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری مسلح افواج ملک کی سلامتی خودمختاری اور سرحدوں کی دفاع کی مضبوط علامت ہیں پوری قوم کو اپنے ان بہادر سپوتوں پر فخر ہے پاک افواج نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں سے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے دعا ہے کہ اللہ تعالی پاکستان کو ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 24 MAR 2026 Page No. 17


## کوئٹہ سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں موبائل اور ٹرین سروس بند

**اقدام ممکنہ خطرات سے نمٹنے کیلئے اٹھایا گیا، عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ترجیح ہے، معاون محکمہ داخلہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی خدشات کے پیش نظر کوئٹہ سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں موبائل نیٹ ورک سروس اور ٹرین سروس بند رہی عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ذرائع کے مطابق حکومت بلوچستان نے دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر کوئٹہ سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں پیر کو موبائل نیٹ ورک سروس اور ٹرین سروس بند رکھا جس کے باعث عید کے تیسرے روز عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا دوسری جانب معاون محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان بابر خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر چند شہروں میں موبائل نیٹ ورک سروس عارضی طور پر معطل کر دی گئی ہے یہ اقدام ممکنہ خطرات سے نمٹنے اور عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے انہوں نے عوام سے معذرت خواہ ہونے کے ساتھ کہا کہ صوبائی حکومت کے لیے پہلی ترجیح عوام کے جان و مال کی حفاظت ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## بختیار آباد ڈاکوؤں کی لوٹ مار مسافروں سے نقدی موبائل چھین کر فرار

**چلھڑا کے مقام پر نا مسلح ڈاکوؤں نے بلا خوف قومی شاہراہ پر ناکہ لگا کر لوٹ مار کی**

**اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے بختیار آباد کے قریب ڈاکوؤں کی قومی شاہراہ پر لوٹ مار متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی موبائل گھڑیاں و دیگر سامان چھین کر فرار پولیس کے مطابق سوموار کے روز کچھی بختیار آباد کے قریب چلھڑا کے مقام پر نا مسلح ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر ناکہ لگا کر متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں قیمتی موبائل فون گھڑیاں و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 24 MAR 2026 Page No. 18

## بیلہ: عیدالفطر اور یوم پاکستان پر بجلی اور انٹرنیٹ غائب

**گھریلو معمولات اور کاروباری سرگرمیاں ٹھپ، شہریوں کو سخت اذیت کا سامنا**

بیلہ (نامہ نگار) عیدالفطر کے تیسرے روز اور یوم پاکستان کے پرمسرت موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کیا گیا تو وہیں ضلع لسبیلہ کے شہریوں کے لیے یہ دن مشکلات کا باعث بنا رہا، جہاں غیر اعلانیہ طور پر بجلی اور انٹرنیٹ سروس کی بندش نے عوام کو شدید پریشانی میں مبتلا کیے رکھا تاہم متعلقہ اداروں کی جانب سے اس بندش کی کوئی واضح وجہ سامنے نہیں آسکی۔ بیلہ کی صبح سے ہی مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل رہی جس کے باعث نہ صرف گھریلو معمولات زندگی متاثر ہوئے بلکہ کاروباری سرگرمیاں بھی ٹھپ ہو کر رہ گئیں اور شدید گرمی کے باعث شہریوں کو سخت اذیت کا سامنا کرنا پڑا دوسری جانب انٹرنیٹ سروس کی بندش نے طلبہ، آن لائن کام کرنے والے افراد اور کاروباری طبقے کو مزید مشکلات سے دوچار کر دیا عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ بجلی اور انٹرنیٹ کی آئے روز بلاجواز بندش کا نوٹس لیا جائے۔

## نوشکی: مہنگائی کی نئی لہر

**عوام مشکلات سے دوچار**

نوشکی (نامہ نگار) عیدالفطر کے بعد نوشکی میں مہنگائی کی نئی لہر سے غریب عوام مزید مالی مشکلات سے دوچار ہو گئے ہیں چھوٹا گوشت 24 سو مرغی کا گوشت 800 روپے میں فروخت ہو رہا ہے اسی طرح سبزی فروٹ اور دیگر اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں بھی 30 فی صد اضافہ کر دیا گیا ہے کوئی پرسان حال نہیں بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر چیئرمین یونین کونسل ڈاک میر عبدالرحمان انگو یونین کونسل ڈاک کے وائس چیئرمین میر منصور احمد مینگل یونین کونسل جمالدینی کے کونسلر میر محمد اشرف جمالدینی میر جنید خان جمالدینی اور عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے خود ساختہ مہنگائی کے مرتکب دکانداروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور: جدید ایکسچینج کے باوجود پی ٹی سی ایل سروس بہتر نہ ہو سکی

**ناقص بیٹریوں کے سبب موثر بیک اپ نہیں ہونے کے باعث سروس میں تعطل**

پنجگور (نمائندہ انتخاب) ضلع پنجگور کے علاقے خدابادان میں گزشتہ سال جدید ٹیلی فون ایکسچینج نصب کیا گیا، جس کے باعث انٹرنیٹ سروس میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ تاہم ایکسچینج کی بیٹریاں کمزور ہونے کے باعث بادلوں کے موسم اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دوران سروس معطل

بقیہ نمبر 62 صفحہ 5 پر

ہو جاتی ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ بیٹری بیک اپ موثر نہ ہونے کی وجہ سے صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خدابادان کے صارفین نے پی ٹی سی ایل حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایکسچینج کی کمزور بیٹریوں کو فوری طور پر تبدیل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ سروس کی مسلسل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## جان محمد روڈ و گرد و نواح کا علاقہ مسائل کا گڑھ بن چکا ہے

**سردی کی شدت میں معمولی اضافہ ہوتے ہی گیس پریشر صفر کر دیا جاتا ہے، بارش کی دو بوندوں کے ساتھ بجلی غائب ہو جاتی ہے، علاقہ مکین**

**سال بھر نالیاں بند رہتی ہیں، گندہ پانی سڑکوں پر بہتا ہے، چہار سو تعفن اور پھسلن ہوتی ہے، پورا علاقہ کوڑے کے ڈھیر کا منظر پیش کر رہا ہے**

**منتخب نمائندے محض اخباری پڑھکوں سے کام چلا رہے ہیں سالوں سے پورے علاقے میں کوئی حقیقی ترقیاتی کام نہیں ہوا، مشرق سروے**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں سردی کی شدت میں اضافہ کیساتھ ہی گیس پریشر میں کمی کے شکایات بڑھ گئیں۔ جان محمد روڈ، گیلانی روڈ، شیوبیت روڈ، فقیر محمد روڈ و دیگر کے مکین سالار خان، سید مجیب آغا، محمد اسحاق مینگل، شاہ زیب مینگل، کفایت قلندرانی، ملک نور سلیمان خیل و دیگر نے بتایا ہے کہ سردی کی شدت میں معمولی اضافہ ہوتے ہی گیس پریشر صفر کر دیا جاتا ہے، بارش کی دو بوندوں کے ساتھ بجلی غائب ہو جاتی ہے۔ سال بھر نالیاں بند رہتی ہیں، گندہ پانی سڑکوں پر بہتا ہے، چہار سو تعفن اور پھسلن ہوتی ہے، پورا علاقہ کوڑے کے ڈھیر کا منظر پیش کر رہا ہے۔ منتخب نمائندے محض اخباری پڑھکوں سے کام چلا رہے ہیں سالوں سے پورے علاقے میں کوئی حقیقی ترقیاتی کام نہیں ہوا۔ مشرق سروے میں اظہار خیال کرتے ہوئے علاقہ مکینوں نے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گیس پریشر کم کر دیتی ہے جس کی وجہ سے شہری ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں حکام بالا نوٹس لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ میں سردی کی معمولی سی جھلک کے بعد سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے بڑے بڑے دعوے محض اخبار کی زینت بن گئے جبکہ ان کے صارفین کوئٹہ شہر کے ہر گلی اور محلے میں شکوہ کر رہے ہیں صارفین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ اس کے علاوہ گھروں میں بزرگ، خواتین و بچوں کے علاوہ بیمار لوگ سردی کی شدت سے ٹھٹھر رہے ہیں متعلقہ بالا علاقوں میں سب سے زیادہ سردی ہوتی ہے انہوں نے بتایا گیس کو قواعد اور مناسب طریقے سے تمام علاقوں میں برابری کی بنیاد پر فراہم کی جائے اگر گیس فراہم نہ کیا گیا تو یہاں کے مکین سخت احتجاج کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 MAR 2026 Page No. 18


## یوم پاکستان کا حقیقی پیغام اور ملک وقوم کو درپیش چیلنجز !!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں پیر کے روز تیئس مارچ کی مناسبت سے یوم پاکستان روایتی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا اس موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل رہی 23 مارچ کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک عظیم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ وہ دن ہے جب 1940 میں برصغیر کے مسلمانوں نے ایک آزاد وطن کے قیام کا واضح اور مضبوط عزم کیا۔ اس سال بھی یوم پاکستان پورے ملک میں روایتی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا، مگر بدلتے ہوئے حالات اور مشرقِ وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے پیش نظر اس دن کو سادگی مگر وقار کے ساتھ منانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس سادگی میں قومی اتحاد، ذمہ داری اور یکجہتی کا پیغام پوشیدہ تھا دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21 توپوں کی سلامی سے ہوا، جس نے فضا کو حب الوطنی کے جذبات سے بھر دیا۔ مساجد میں وطن عزیز کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ پاک فوج کے جوانوں نے نعرہ تکبیر بلند کیا اور فضا اللہ اکبر اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔ یہ مناظر صرف ایک رسمی تقریب نہیں بلکہ اس عزم کی تجدید تھی کہ قوم ہر حال میں متحد اور مضبوط رہے گی۔ اس سال یوم پاکستان کی تقریبات میں سادگی کو اختیار کیا گیا، مرکزی پریڈ منسوخ کر دی گئی اور پرچم کشائی کی تقاریب بھی سادہ انداز میں منعقد ہوئیں۔ لیکن یہ سادگی کسی کمزوری کی علامت نہیں بلکہ قومی شعور، ذمہ داری اور حالات کے مطابق فیصلے کرنے کی صلاحیت کی عکاس ہے۔ ایک باشعور قوم وہی ہوتی ہے جو وقت کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے اپنے رویوں کو ڈھالے اور اجتماعی مفاد کو ترجیح دے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغامات میں قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے اتحاد، استحکام اور قومی عزم کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر نے 23 مارچ 1940 کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہ دن تھا جب مسلمانوں نے ایک الگ ریاست کا تصور پیش کیا جہاں وہ اپنی مذہبی، ثقافتی اور سیاسی اقدار کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پاکستان کا قیام بے شمار قربانیوں کا نتیجہ ہے اور ہمیں اپنے بزرگوں کی جدوجہد کو کبھی فراموش نہیں کرنا چاہئے۔ صدر مملکت نے اس حقیقت کی طرف بھی اشارہ کیا کہ قیام پاکستان کے بعد ملک کو بے شمار چیلنجز کا سامنا رہا، لیکن قوم نے باہمی تعاون، محنت اور صلاحیت کے ذریعے ان مشکلات پر قابو پایا۔ آج پاکستان ایک مضبوط دفاعی قوت رکھتا ہے اور عالمی سطح پر ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو یا قدرتی آفات، قوم نے ہمیشہ یکجہتی اور ایثار کی مثالیں قائم کی ہیں۔ یہی اتحاد پاکستان کی اصل طاقت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کو ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال ملک بنانے کے لئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے چیلنجز کے باوجود معیشت کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کیا، افراطِ زر میں کمی آئی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ مثبت اقتصادی اعشاریے درست سمت کی نشاندہی کر رہے ہیں وزیراعظم نے معیشت میں بہتری، مہنگائی میں کمی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کو مثبت پیش رفت قرار دیا۔ ان کے مطابق، یہ کامیابیاں اسی وقت ممکن ہیں جب قوم متحد ہو کر آگے بڑھے۔ پاکستان کی مسلح افواج کی قیادت نے یوم پاکستان کے موقع پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے اتحاد اور یکجہتی کی اہمیت پر زور دیا ہے تیئس مارچ انیس سو چالیس ہماری تاریخ کا ایک اہم موڑ تھا، جب ایک واضح وژن کے تحت ایک آزاد وطن کے قیام کی بنیاد رکھی گئی۔ عسکری قیادت نے اس بات پر زور دیا کہ آج بھی پاکستان کو دہشت گردی اور انتہاپسندی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، لیکن مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام متحد ہو کر ان خطرات کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک کی سرحدوں کا دفاع، قومی خودمختاری کا تحفظ اور اندرونی سلامتی کو یقینی بنانا ان کی اولین ذمہ داری ہے۔ آج جبکہ وطن عزیز پاکستان کو مختلف النوع چیلنجز، مسائل ومشکلات کا سامنا ہے یہ وقت ہم سے بحیثیت قوم اتحاد واتفاق اور یکجہتی کا تقاضا کرتا ہے اور قومی اتحاد ویکجہتی ہی ان سے نمٹنے کا واحد راستہ ہے۔ اتحاد، اتفاق اور یکجہتی ہی وہ اصول ہیں جن پر پاکستان کی بنیاد رکھی گئی اور یہی وہ طاقت ہے جو آج بھی ہمیں درپیش چیلنجز سے نکال سکتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی قوم متحد ہوئی، اس نے ناممکن کو ممکن بنا دیا۔ چاہے وہ روایتی جنگیں ہوں یا پھر دہشت گردی کے خلاف جنگ، یا قدرتی آفات، پاکستانی قوم نے ہمیشہ ایک جسم کی مانند متحد ہو کر مشکلات کا سامنا کیا۔ آج کے دور میں جب دنیا تیزی سے بدل رہی ہے اور نئے چیلنجز سامنے آ رہے ہیں، پاکستان کو پہلے سے کہیں زیادہ اتحاد کی ضرورت ہے۔ داخلی اختلافات، سیاسی تقسیم اور معاشرتی ناہمواریوں کو ختم کر کے ایک مشترکہ قومی بیانیہ تشکیل دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ انفرادی مفادات سے بالاتر ہو کر اجتماعی مفاد کو ترجیح دینا ہی ترقی کا راستہ ہے۔ نوجوان نسل کا کردار اس حوالے سے انتہائی اہم ہے۔ وہ نہ صرف پاکستان کا مستقبل ہیں بلکہ حال بھی ہیں۔ انہیں چاہئے کہ وہ تعلیم، تحقیق اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ سوشل میڈیا کے اس دور میں انہیں ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے نفرت اور تقسیم کے بجائے اتحاد اور ہم آہنگی کا پیغام پھیلانا چاہئے۔ یوم پاکستان ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ آزادی ایک نعمت ہے جس کی قدر کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ یہ آزادی ہمیں آسانی سے حاصل نہیں ہوئی بلکہ اس کے پیچھے لاکھوں قربانیاں ہیں۔ ہمیں اپنے شہداء اور قومی ہیروز کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہوئے ملک کی ترقی اور استحکام کے لئے کام کرنا ہوگا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ماضی کی غلطیوں سے سیکھیں، حال کو بہتر بنائیں اور مستقبل کی منصوبہ بندی کریں۔ ہمیں اپنے اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک قوم بن کر آگے بڑھنا ہوگا۔ یہی وہ راستہ ہے جو پاکستان کو ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال ملک بنا سکتا ہے۔ یوم پاکستان ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ اگر ہم متحد رہیں، ایک دوسرے کا ساتھ دیں اور اپنے قومی مفاد کو مقدم رکھیں تو کوئی طاقت ہمیں ترقی کی راہ سے نہیں روک سکتی۔ اتحاد، اتفاق اور یکجہتی ہی ہماری اصل طاقت ہے، اور یہی وہ روشنی ہے جو ہمیں ایک روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتی ہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 MAR 2026 Page No. 20


# Development of Balochistan

While successive governments have paid lip service to its development, the tangible impact on the ground remains woefully inadequate. The time for mere rhetoric is over; the people of Balochistan demand and deserve concrete measures that address the deep-rooted issues of unemployment, illiteracy, inadequate healthcare, and dilapidated infrastructure that continue to hinder their progress. The scattered population of Balochistan presents a unique set of challenges. Communities residing in far-flung areas often face insurmountable obstacles in accessing basic necessities like healthcare and education. The lack of viable economic opportunities fuels frustration and can contribute to social unrest. The government must move beyond short-term fixes and formulate a comprehensive strategy for job creation. This includes promoting local industries, investing in vocational training and skill development programs aligned with market demands, and fostering an environment conducive to entrepreneurship. The alarmingly low literacy rates in Balochistan are a major impediment to its socio-economic advancement. Education is the cornerstone of progress, and the government must prioritize the functionalization and upgrading of schools and colleges across the province. This requires not only ensuring adequate infrastructure and resources but also addressing the shortage of qualified teachers, improving curriculum relevance, and promoting access to quality education for all, especially girls. Innovative solutions, such as mobile schools and digital learning initiatives, can help reach remote communities and overcome geographical barriers.

The state of healthcare infrastructure in Balochistan is equally concerning. Upgrading district hospitals with modern facilities, ensuring the availability of qualified medical professionals. For those living in remote areas, the government must invest in primary healthcare centers and mobile health units to provide essential medical services at their doorsteps. Addressing malnutrition, maternal and child health, and infectious diseases should be key priorities. This includes the construction and maintenance of roads, ensuring reliable access to clean water and sanitation, and establishing a stable and efficient power supply. The development of infrastructure must be a long-term, well-planned endeavor, taking into account the unique geographical challenges of the province. The people of Balochistan are weary of empty promises. They seek tangible actions, measurable outcomes, and a genuine commitment from their government to address their long-neglected needs. It is time for the provincial administration to move beyond rhetoric and implement concrete policies and programs that will lead to real and sustainable development.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 MAR 2026

Page No. 21


## اتحاد و اتفاق کی ضرورت۔ بلوچستان حکومت کے مثالی اقدامات کا تذکرہ!!

آج کل جھوٹ بولنا ایک فیشن بن گیا ہے چھوٹے چھوٹے عام لوگوں سے لے کر بڑے بڑے صاحب حیثیت اشخاص، بیورو کریٹس سادہ لوح عوام کو طفل تسلیاں دیتے ہوئے اپنی جان چھڑاتے ہیں



تحریر: حکیم سعید منگلوری

باوجود اس کے کہ اچھی طرح پتہ ہوتا ہے کہ وہ جو وعدہ کر رہے ہیں اسے پورا نہیں کر سکتے۔ بہر حال یہ ایک سماجی مسئلہ ہے جو ہمارے ہاں روز بروز پھیل رہا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں سچ بولنے اور حق و انصاف کے ساتھ کھڑا رہنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ اس وقت عالمی سیاسی منظرنامے پر عجیب سے حالات ہیں ہزاروں کلومیٹر دور سے آنے والے جارح حملہ آوروں کو منہ کی کھانی پڑ رہی ہے اور امریکی صدر تعاون کی اپیلیں کر رہے ہیں اتحادی تک انہیں جواب دے رہے ہیں شاید امریکہ کا یہ خیال تھا کہ وہ ایک دو روز میں ایرانی عوام کو توڑ کر اپنے عزائم کی تکمیل کرے گا مگر ایسا نہیں ہوا اور ایران تادم تحریر ثابت قدمی کے ساتھ ڈٹا ہوا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ مسلمانوں کو جب بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا اس کی بڑی وجہ باہمی اختلافات رہے ہیں۔ ان حالات میں جب ہمارے دائیں بائیں جنگی حالات ہوں ہماری ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں بدقسمتی سے افغانستان اس خطے کی ترقی امن و استحکام کے درپے ہے افغان عبوری حکومت دہشت گردوں کی سرکوبی کی بجائے انہیں معاونت فراہم کر رہی جبھی تو پاکستان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوا ہے ہماری بہادر افواج افغانستان میں چھپے دشمنوں اور منافقوں کی سرکوبی میں لگی ہوئی ہیں افغانستان کی حکومت دہشت گردوں کی معاونت کر رہی ہے جس ملک و عوام نے تقریباً نصف صدی تک ان کی میزبانی کی اور ان کی ہر طرح سے خدمت کی آج اسی ملک اور اسی ملک کی فورسز اور عوام پر حملے کئے جاتے ہیں اس میں کچھ ہماری بھی غلطیاں ہیں اس وقت کے ڈکٹیٹر کے دور حکومت میں پچاس لاکھ کی ایک بڑی تعداد کو ملک میں آنے جانے کی چھٹی دے دی گئی تھی نتیجتاً ہمارا وطن جو پہلے ہی معاشی تنگی اور بے روزگاری کا شکار تھا مگر امن کا گہوارہ تھا کو آگے کی بھٹی میں جھونک دیا گیا یہ انہی عقل سے بے بہرہ اور ہوس اقتدار کے بھوکوں کا کیا دھرا ہے جس کا خمیازہ آج تک ہم بھگت رہے ہیں۔ رہ گئی بلوچستان کی بات تو اس بات میں کوئی شک نہیں کہ بلوچستان ملک کا ایک پسماندہ اور غریب صوبہ ہے جس کے عوام معاشی مسائل بے روزگاری بدامنی اور دیگر چیلنجز میں گھرے ہوئے ہیں مگر یہ بات ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت دیرینہ مسائل کے حل، صوبے کی تعمیر و ترقی اور بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع کی فراہمی، ان کی صحت، تعلیم اور دیگر ضروریات زندگی کے لئے پوری طرح کوشاں اور دن رات کام کر رہی ہے بلوچستان کے مسائل زیادہ ہیں مگر یہ مسائل محنت اور مسلسل اقدامات سے ختم ہو سکتے ہیں یہ بات لائق تحسین ہے کہ موجودہ حکومت اس حوالے سے اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے رہی ہے۔ صوبائی وزراء بالخصوص وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا وژن اور عوام دوست اقدامات صوبے کے روشن مستقبل کی نوید ہے اللہ تبارک و تعالیٰ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو مزید توفیق دے کہ وہ بلوچستان کو پسماندگی، غربت اور دیگر مسائل کے دلدل سے نکال کر ترقی خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کر سکیں ان سطور کے توسط سے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت آصف علی زرداری کا بھی خصوصی شکریہ کہ وہ بلوچستان پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز کرے اور ہمیں اتحاد، اتفاق اور یکجہتی کی توفیق دے تاکہ ہم اس صوبے اور ملک کو ترقی اور خوشحالی کی منزل تک لے کر جا سکیں۔